چہل ربنا 40

چہل ربنا

کلام پاک میں مختلف جگہ رَبَّنَا آیا ہے۔ انسان اس کو اگر خشوع اور خضوع سے پڑھے تو دل کی ایک عجیب کیفیت محسوس کرے گا۔ اس کے پڑھنے کا سب سے اچھا وقت فجر سے پہلے یا فجر کے بعد ہے۔

وظیفہ پڑھنے سے پہلے یہ درود پاک پڑھا جائے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

1 رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ۖ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

اے پروردگار ہمارے! قبول کر ہم سے بیشک تو ہی سننے والا جاننے والا ہے

2 رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ

اے رب ہمارے! دے ہم کو دنیا میں خوبی اور آخرت میں خوبی اور بچا ہم کو دوزخ کے عذاب سے

3

رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَا أُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ 3

اے پروردگار ہمارے! اور کر ہم کو حکم بردار اپنا اور ہماری اولاد میں بھی کر ایک جماعت فرمانبردار اپنی اور بتلا ہم کو قاعدے حج کرنے کے اور ہم کو معاف کر بیشک تو ہی ہے توبہ قبول کرنے والا مہربان۔

رَبَّنَا إِنَّنَا آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ 4

اے رب ہمارے! ہم ایمان لائے ہیں سو بخش دے ہم کو گناہ ہمارے اور بچا ہم کو دوزخ کے عذاب سے۔

5 رَبَّنَآ أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا
عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ

اے رب ہمارے! ڈال دے ہمارے (دلوں) میں صبر اور جمائے رکھ
ہمارے پاؤں اور مدد کر ہماری اس کافر قوم پر

6 رَبَّنَآ إِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ

اے رب ہمارے! تو جمع کرنے والا ہے لوگوں کو ایک دن جس میں کچھ
شبہ نہیں، بے شک اللہ خلاف نہیں کرتا اپنا وعدہ۔

7 رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ إِنْ نَّسِيْنَآ أَوْ أَخْطَأْنَا ۚ

اے رب ہمارے! نہ پکڑ ہم کو اگر ہم بھولیں یا چوکیں

8 رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ إِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ
عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ

اے رب ہمارے! اور نہ رکھ ہم پر بوجھ بھاری جیسا رکھا
تھا ہم سے اگلے لوگوں پر

9 رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ
عَنَّا ۗ وَاغْفِرْ لَنَا ۗ وَارْحَمْنَا ۚ اَنْتَ مَوْلٰىنَا
فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

اے رب ہمارے! اور نہ اٹھوا ہم سے وہ بوجھ جس کی ہم کو طاقت
نہیں اور درگزر کر ہم سے اور بخش ہم کو اور رحم کر ہم پر تو ہی ہمارا رب
ہے۔ مدد کر ہماری کافروں پر۔

10 رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً
إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ ۝

اے رب ہمارے! نہ پھیر ہمارے دلوں کو جب تو ہم کو ہدایت کر چکا اور
عنایت کر ہم کو اپنے پاس سے رحمت، تو ہی ہے سب کچھ دینے والا۔

11 رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

اے رب ہمارے! تو نے یہ عبث نہیں بنایا، تو پاک ہے سب عیبوں سے،
سو ہم کو بچا دوزخ کے عذاب سے۔

12 رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ

اے رب ہمارے! ہم نے یقین کیا اس چیز کا جو تو نے اتاری اور ہم تابع ہوئے رسول ﷺ کے سو تو لکھ دے ہم کو ماننے والوں میں

13 رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ

اے رب ہمارے! اب بخش دے گناہ ہمارے اور دور کر دے ہم سے برائیاں ہماری اور موت دے ہم کو نیک لوگوں کے ساتھ

14 رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا
عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ

اے رب ہمارے! بخش ہمارے گناہ اور جو ہم سے زیادتی ہوئی
ہمارے کام میں اور ثابت قدم رکھ ہمارے اور مدد دے ہم کو قوم کفار پر

15 رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ

اے رب ہمارے! جس کو تو نے دوزخ میں ڈالا سو اس کو رسوا کر دیا،
اور نہیں کوئی گناہگاروں کا مددگار۔

16 رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا

اے رب ہمارے! ہم نے سنا کہ ایک پکارنے والا پکارتا ہے ایمان لانے کو
کہ ایمان لاؤ اپنے رب پر سو ہم ایمان لے آئے

17 رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ

اے رب ہمارے! ظلم کیا ہم نے اپنی جان پر اور اگر تو ہم کو نہ بخشے اور ہم پر رحم نہ
کرے تو ہم ضرور ہو جائیں گے تباہ۔

18 رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ۝

اے رب ہمارے ! اور دے ہم کو جو وعدہ کیا تو نے ہم سے اپنے رسولوں کے واسطہ سے اور رسوا نہ کر ہم کو قیامت کے دن، بیشک تو وعدہ کے خلاف نہیں کرتا

19 رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيْنَآ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى۝

اے رب ہمارے ! ہم ڈرتے ہیں کہ بھبک پڑے ہم پر یا جوش میں آجائے۔

20 رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ

اے رب ہمارے! ہم ایمان لائے سو لکھ ہم کو ماننے والوں کیساتھ۔

رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا
21 لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ

اے رب ہمارے! اتار ہم پر خوان آسمان سے کہ وہ دن عید ہمارے ہو پہلوں اور پچھلوں کے واسطے اور نشانی ہو تیری طرف سے اور ہمیں رزق دے اور تو ہی بہترین روزی دینے والا ہے

22 رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ

اے رب ہمارے! مت کر ہم کو گنہگار لوگوں کیساتھ۔

23 رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَيْرُ الْفَاتِحِيْنَ

اے رب ہمارے! فیصلہ کر ہم میں اور ہماری قوم میں انصاف کیساتھ اور تو ہی بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔

24 رَبَّنَآ أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ

اے رب ہمارے! دہانے کھول دے ہم پر صبر کے اور ہمیں مار مسلمان

25 رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۙ

وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ

اے رب ہمارے! نہ آزما ہم پر زور اس ظالم قوم کا اور چھڑا دے ہم کو اپنی

مہربانی فرما کر ان کافر لوگوں سے

26 رَبَّنَآ اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِیْ وَمَا نُعْلِنُ وَمَا یَخْفٰی عَلَی اللّٰہِ مِنْ شَیْءٍ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ ○

اے رب ہمارے! تو جانتا ہے جو کچھ ہم کرتے ہیں چھپا کر اور جو کچھ کرتے ہیں دکھا کر اور مخفی نہیں اللہ پر کوئی چیز زمین میں اور نہ آسمان میں

27 رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ○

اے رب ہمارے! اور قبول کر میری دعاء

28 رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ

اے رب ہمارے! بخش مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور سب ایمان والوں کو
جس دن قائم ہو حساب

29 رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ
اَمْرِنَا رَشَدًا

اے رب ہمارے! دے ہم کو اپنے پاس سے بخشش اور پوری کر دے
ہمارے لئے ہمارے کام کی درستی

30 رَبُّنَا الَّذِیْٓ اَعْطٰی کُلَّ شَیْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰی ۝

رب ہمارا وہ ہے جس نے دی ہر چیز کو اس کی صورت پھر راہ سمجھائی

31 رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ

خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ ۝

اے رب ہمارے! ہم یقین لائے سو معاف کر ہم کو اور رحم کر

ہم پر اور تو سب رحم کرنے والوں سے بہتر ہے

32 رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ إِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۝ إِنَّهَا سَاءَتْ مُسْتَقَرًّا وَمُقَامًا ۝

اے رب ہمارے! ہٹا ہم سے دوزخ کا عذاب بیشک اس کا عذاب چمٹنے والا ہے وہ بری جگہ ہے ٹھہرنے کی اور بری جگہ ہے رہنے کی

33 رَبَّنَا لَغَفُورٌ شَكُورٌ ۝

ہمارا رب بخشنے والا قدردان ہے

34 رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّیّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْیُنٍ وَّ اجْعَلْنَا
لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا ۝

اے رب ہمارے! دے ہم کو ہماری عورتوں کی طرف سے اور اولاد کی طرف سے
آنکھ کی ٹھنڈک اور کر ہم کو پرہیزگاروں کا پیشوا

35 رَبَّنَا عَلَیْكَ تَوَكَّلْنَا وَ اِلَیْكَ اَنَبْنَا وَ اِلَیْكَ الْمَصِیْرُ ۝

اے رب ہمارے! ہم نے تجھ پر بھروسہ کیا اور تیری طرف رجوع ہوئے اور تیری
طرف ہے سب کو پھر آنا

36 رَبَّنَا وَسِعۡتَ كُلَّ شَيۡءٖ رَّحۡمَةٗ وَعِلۡمٗا فَٱغۡفِرۡ لِلَّذِينَ
تَابُواْ وَٱتَّبَعُواْ سَبِيلَكَ وَقِهِمۡ عَذَابَ ٱلۡجَحِيمِ

اے پروردگار ہمارے! ہر چیز سمائی ہوئی ہے تیری بخشش اور خبر میں سو معاف
کر ان کو جو توبہ کریں اور چلیں تیری راہ پر اور بچا ان کو آگ کے عذاب سے

37 رَبَّنَآ أَتۡمِمۡ لَنَا نُورَنَا وَٱغۡفِرۡ لَنَآۖ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ قَدِيرٞ

اے رب ہمارے! پوری کر دے ہم کو ہماری روشنی اور معاف کر ہم کو بے
شک تو سب کچھ کر سکتا ہے

38 رَبَّنَا وَأَدْخِلْهُمْ جَنَّٰتِ عَدْنٍ ٱلَّتِى وَعَدتَّهُمْ وَمَن صَلَحَ مِنْ ءَابَآئِهِمْ
وَأَزْوَٰجِهِمْ وَذُرِّيَّٰتِهِمْ ۚ إِنَّكَ أَنتَ ٱلْعَزِيزُ ٱلْحَكِيمُ ۝ وَقِهِمُ ٱلسَّيِّـَٔاتِ
وَمَن تَقِ ٱلسَّيِّـَٔاتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهُۥ ۚ وَذَٰلِكَ هُوَ ٱلْفَوْزُ ٱلْعَظِيمُ ۝

اے رب ہمارے! اور داخل کر ان کو سدا بسنے کے باغوں میں جن کا وعدہ کیا تو نے
ان سے اور جو کوئی نیک ہو ان کے باپوں میں اور عورتوں میں اور اولاد میں بیشک
تو ہی ہے زبردست حکمت والا اور بچا ان کو برائیوں سے اور جس تو بچائے
برائیوں سے اُس دن اس پر مہربانی کی تو نے اور یہ جو ہے یہی ہے بڑی مراد پائی

39 رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ سَبَقُونَا بِالْإِيمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِي
قُلُوبِنَا غِلًّا لِّلَّذِينَ آمَنُوا رَبَّنَا إِنَّكَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ

اے رب ہمارے! بخش ہم کو اور ہمارے بھائیوں کو جو ہم سے پہلے داخل ہوئے ایمان میں اور
نہ رکھ ہمارے دلوں میں بیر ایمان والوں کا، اے رب ہمارے تو ہی ہے نرمی والا اور مہربان۔

40 رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُوا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ

اے رب ہمارے! مت جانچ ہم پر کافروں کو اور ہم کو معاف کر اے رب ہمارے! تو
ہی ہے زبردست حکمت والا

چند دعائیں

حدیث شریف میں آیا ہے کہ نبی کریم ﷺ سواری پر تشریف رکھتے وقت یہ دعا تلاوت فرمایا کرتے تھے

سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ

پاک ہے وہ ذات جس نے بس میں کر دیا ہمارے اور ہم نہ تھے اُس کو

مُقْرِنِیْنَ ۝ وَاِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۝

قابو میں لا سکتے۔ اور ہم کو اپنے رب کی طرف پھر جانا ہے۔

یہ دعا پریشانی کے وقت پڑھی جائے۔ نبی کریم ﷺ نے جنگ بدر کے موقع پر سجدہ میں پڑ کر یہ دعا پڑھی تھی

يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيثُ أَصْلِحْ لِي شَأْنِي

اے حی اے قیوم! تیری رحمت کی طرف فریاد لاتا ہوں درست کر دے میرے تمام

كُلَّهُ وَلَا تَكِلْنِي إِلَى نَفْسِي طَرْفَةَ عَيْنٍ ط

افعال کو اور نہ سونپ مجھ کو میرے نفس کی طرف ایک لمحہ بھر۔

یہ دعا مشکل کے وقت بزرگوں کے ارشاد کے مطابق شام کے وظائف میں پڑھی جاتی ہے

لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحٰنَكَ صلے إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِينَ ۝

کوئی حاکم نہیں سوائے تیرے تو بے عیب ہے، میں تھا گناہگاروں سے۔

(صدقِ دل سے معنیٰ کا دھیان کر کے) تین مرتبہ یا پانچ مرتبہ ان کلمات
کے ساتھ استغفار پڑھا کریں

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ

میں مغفرت چاہتا ہوں اس اللہ سے جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ (ہمیشہ ہمیشہ) زندہ

الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ

رہنے والا (آسمان وزمین) کو قائم رکھنے والا ہے اور اسی کے سامنے توبہ کرتا ہوں۔

چہل ربّنا

Designed & Printed by:
MAHMOOD ADVERTISING Tel: 92-42-7357728 Mobile:0333-4239430